**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**26مئی 2022**

# پریس ریلیز

## مجاہد کشمیر یاسین ملک کو عمر قید کی سزا دینا عدالتی دہشت گردی ہے۔(شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** مجاہد کشمیر یاسین ملک کو عمر قید کی سزا دینا عدالتی دہشت گردی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک جھوٹے مقدمے میں یاسین ملک کو دو مرتبہ عمر قید کی سزا دے کر بھارت کی عدلیہ نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ بھارت کا ریاستی نظام مکمل طور پر ہندوتوا کا یرغمال ہو چکا ہے اور مسلمانوں کے لیے بھارت میں عدل و انصاف یا کسی نوع کی خیر کی کوئی توقع باقی نہیں رہی۔ پون صدی سے بھارت مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں پر ایسے مظالم ڈھا رہا ہے جن سے ساری انسانیت شرمندہ ہے۔ مودی کے دور حکومت میں ریاستی دہشت گردی کے ذریعہ مقبوضہ کشمیر کے نوجوانوں، بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کا قتل عام جاری ہے۔ ساڑھے نو لاکھ بھارتی فوج مقبوضہ وادی میں ظلم و ستم ڈھا رہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں ڈیمو گریفک تبدیلی کی غرض سے ہندوؤں کو وہاں لا کر آباد کیا جا رہا ہے۔ الغرض مودی حکومت اور بھارت کے تمام ریاستی ادارے کشمیر کی تحریک آزادی کو کچلنے کے لیے ہر قسم کے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں لیکن اس تحریک کو ختم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ اُنہوں نے آزادی اظہار، انسانی حقوق اور جمہوریت کے علمبردار ہونے کے دعویدار مغربی ممالک اور بین الاقوامی اداروں سے سوال کیا کہ وہ یاسین ملک اور اُن جیسے لاتعداد کشمیری مجاہدین پر بھارتی حکومت کے ظلم و ستم پر کیوں خاموش ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ مسلمان ممالک کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کی حفاظت اور بھارتی جبر سے اُن کی نجات کے لیے کھل کر مظلوم کی مدد کریں اور بھارت پر ایسی سخت پابندیاں لگائی جائیں کہ وہ کشمیر میں ظلم و ستم کو بند کرنے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کرنے پر مجبور ہو جائے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

خلافتِ راشدہ کا نظام

تنظیم اسلامی کا پیغام

امیر تنظیم
شجاع الدین شیخ

بانی تنظیم
ڈاکٹر اسرار احمدؒ

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 26 May 2022**

**"The life imprisonment awarded to one of the torchbearers of the freedom struggle in Kashmir Yasin Malik is judicial terrorism."**

**Lahore (PR): "The life imprisonment awarded to one of the torchbearers of the freedom struggle in Kashmir Yasin Malik is judicial terrorism."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that by handing out this punishment of concurrent life imprisonments to Yasin Malik in a fake case, the Indian judiciary had proven yet again that the entire system of India has become a hostage of Hindutva and Muslims now have no hope of justice or any other relief in India. India has been committing atrocities for more than seven decades in Occupied Kashmir that put the entire humanity to shame. Mass murder of the Kashmiri Muslims including youth, women, children and the elderly is continuously being perpetrated by the Modi regime. Almost a million Indian occupation forces are committing brutalities in Occupied Kashmir. Hindus are illegally being brought as settlers in Occupied Kashmir to change the demographics of the occupied territory. In short, the Modi regime and all state institutions of India are using every possible ploy to crush the freedom movement in Occupied Kashmir but they are failing miserably. The Ameer questioned that why are the Western countries and international institutions that claim to be the champions of freedom of expression, human rights and democracy silent on the atrociously criminal actions of the state of India against Yasin Malik and hundreds of thousands of standard-bearers of the Kashmiri freedom movement. The Ameer concluded by asserting that it is the obligation of Muslim countries to candidly support and protect the oppressed Kashmiris against the tyranny of India and slap such severe sanctions on India that force her to stop the oppression of Kashmiris and resolve the Kashmir issue according to the UN resolutions.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**